# پراسپیکٹس

## الہدیٰ انسٹیٹیوٹ فارمین

## 2020-21


الہدیٰ انٹرنیشنل ویلفیئر فاؤنڈیشن، 7-اے کے بروہی روڈ 4/H-11 اسلام آباد، پاکستان
+92-333-0439925
www.idreeszubair.com / www.alhudapk.com
facebook.com/AlHudaInstituteforMen

إِنَّ هُدَى اللّٰهِ هُوَ الْهُدٰىO

یقیناً اللہ کی دی ہوئی ہدایت ہی اصل ہدایت ہے۔

(البقرۃ: 120)

الہدیٰ انسٹیٹیوٹ آف اسلامک ایجوکیشن فار مین

7۔اے کے بروہی روڈ 4/H-11 اسلام آباد، پاکستان

www.idreeszubair.com
www.alhudapk.com
www.farhathashmi.com

facebook.com/IdreesZubairOfficial
facebook.com/AlHudaInstituteforMen

فون (رابطہ بذریعہ کال): +92-51-8357394

ایڈمیشن وٹس ایپ (رابطہ بذریعہ میسج): +92-333-0439925

ایڈمن وٹس ایپ (رابطہ بذریعہ میسج): +92-302-5557654

# وژن

قرآن سب کے لیے ہر دل میں، ہر ہاتھ میں

اِنۡ ہُوَ اِلَّا ذِکۡرٌ لِّلۡعٰلَمِیۡنَ ۝

یہ (قرآن) تمام جہاں والوں کے لیے نصیحت ہے (ص:87)

# مشن

قرآن وسنت کی تعلیم کے ذریعے انسانیت کی خدمت جو دُنیا میں امن اور آخرت میں کامیابی حاصل کرنے کا باعث ہے۔

وَمَا كَانَ الۡمُؤۡمِنُوۡنَ لِيَنۡفِرُوۡا كَآفَّةً فَلَوۡ لَا نَفَرَ مِنۡ كُلِّ فِرۡقَةٍ مِّنۡهُمۡ طَآٮِٕفَةٌ لِّيَتَفَقَّهُوۡا فِى الدِّيۡنِ

وَلِيُنۡذِرُوۡا قَوۡمَهُمۡ اِذَا رَجَعُوۡۤا اِلَيۡهِمۡ لَعَلَّهُمۡ يَحۡذَرُوۡنَ ۝

اور یہ مناسب نہیں کہ ایمان والے سب کے سب نکل کھڑے ہوں، سو ان کے ہر گروہ میں سے کچھ لوگ کیوں نہ نکلے کہ وہ دین کی سمجھ بوجھ حاصل کریں اور اپنی قوم کو ڈرائیں، جب وہ پلٹ کر ان کی طرف واپس جائیں، تا کہ وہ بچتے رہیں (التوبۃ:122)

# بنیادی اقدار

- اِخلاص
- لگن
- نظم وضبط
- خیر خواہی
- عزت واحترام
- امانت وصداقت
- صبر واستقامت

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# تعارف

الہدیٰ انٹرنیشنل ویلفیئر فاؤنڈیشن (رجسٹرڈ) پاکستان، ایک غیر سرکاری اور غیر سیاسی تنظیم ہے جو 1993 سے پاکستان اور بیرونِ ملک خدمتِ خلق اور اسلامی تعلیم کے فروغ کے لیے سرگرمِ عمل ہے۔ یہ فاؤنڈیشن حکومتِ پاکستان کے کمپنیز آرڈیننس ایکٹ 1984 کے تحت رجسٹرڈ ہے۔ جس کے حسابات سالانہ آڈٹ ہوتے ہیں اور اس کو دیئے جانے والے عطیات انکم ٹیکس سے مستثنیٰ ہیں۔

# شعبہ تعلیم وتربیت

قرآن وسنت کی تعلیم کے فروغ اور معاشرے میں اسلام کی حقیقی روح کو بیدار کرنے کے لیے فاؤنڈیشن کے تحت نومبر 1994 میں انسٹیٹیوٹ آف اسلامک ایجوکیشن فارویمن اور 2013 میں الہدیٰ انسٹیٹیوٹ فارمین کا قیام عمل میں لایا گیا۔

انسٹیٹیوٹ کا بنیادی مقصد ایسے افراد کی تیاری ہے جو پوری لگن، شوق، محنت اور صرف اللہ کی رضا کی خاطر معاشرے کی تعمیر وترقی میں مثبت کردار ادا کرسکیں۔ اس مقصد کی تکمیل کے لیے انسٹیٹیوٹ میں صبح وشام کے اوقات میں طویل ومختصر دورانیے کے ڈپلومہ، پوسٹ ڈپلومہ اور سرٹیفیکیٹ کورسز کروائے جاتے ہیں۔ ان تمام کورسز میں علم کے ساتھ ساتھ تربیت اور عمل پر بھرپور توجہ دی جاتی ہے۔

انسٹیٹیوٹ میں قدیم اور روایتی اندازِ تعلیم سے ہٹ کر جدید وسائل وطریقوں سے کام لیتے ہوئے طلباء وطالبات کو پُرسکون، خوشگوار اور دوستانہ ماحول میں علم حاصل کرنے کے مواقع فراہم کیے جاتے ہیں۔ اعلیٰ تعلیم یافتہ اساتذہ سے استفادہ کے لیے طلباء وطالبات کو سوال کرنے اور اظہار رائے کے مواقع بہم پہنچائے جاتے ہیں۔ کلاس روم لیکچرز کے ساتھ ساتھ طلباء وطالبات کی تحقیقی صلاحیتوں کو ابھارنے کے لیے متنوع موضوعات پر مشتمل ضخیم لائبریری بھی موجود ہے۔

# تعلیم القرآن کورس

اس کورس کا بنیادی مقصد قرآنِ مجید کو براہِ راست عربی زبان میں سمجھنے کی صلاحیت پیدا کرنا ہے۔ اس مقصد کو پورا کرنے کے لیے مکمل قرآن مجید کا لفظی ترجمہ، الفاظ کی وضاحت اور تفسیر اس انداز سے کروائی جاتی ہے کہ علمی پختگی کے ساتھ ساتھ عمل اور ابلاغ کی راہ آسان ہو جائے۔ نیز قرآن مجید کو بہتر طور پر سمجھنے اور ذہنی وسعت پیدا کرنے کے لیے دیگر مددگار مضامین بھی پڑھائے جاتے ہیں۔

**دورانیہ** : 1 سال

**ایام/اوقات** : پیر تا ہفتہ صبح 08:00 تا دوپہر 02:30

# نصاب

کورس کا نصاب مندرجہ ذیل آیت کو سامنے رکھتے ہوئے ترتیب دیا گیا ہے۔

لَقَدْ مَنَّ اللّٰهُ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ بَعَثَ فِيْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْ اَنْفُسِهِمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ وَيُزَكِّيْهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ ۚ وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ O

بلاشبہ اللہ نے ایمان والوں پر احسان کیا جب ان ہی میں سے ایک رسول اُن میں بھیجا، جو انہیں اس کی آیات پڑھ کر سناتا ہے اور انہیں پاک کرتا ہے اور انہیں کتاب اور حکمت کی تعلیم دیتا ہے، اگرچہ وہ سب اس سے پہلے کھلی گمراہی میں تھے۔ (اٰلِ عمران 164)

**نصاب کے اہم عناصر یہ ہیں**

- ۱۔ تلاوت قرآن
- ۲۔ تعلیم کتاب
- ۳۔ تعلیم حکمت
- ۴۔ تزکیہ و تربیت

# مضامین کی تفصیل

**تعلیم القرآن کورس**

- **يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِكَ (تلاوتِ قرآن)**
  - ناظرہ و تجوید
  - حفظ
- **وَيُعَلِّمُهُ الْكِتٰبَ (تعلیم کتاب)**
  - علوم القرآن
  - عقیدہ
  - تعارف ادیان
  - ترجمہ و تفسیر
  - خطاطی
  - عربی گرامر
- **وَالْحِكْمَةَ (تعلیم حکمت)**
  - علوم الحدیث
  - اسلامی شخصیات
  - اصول الفقہ
  - الحدیث النبوی ﷺ
  - سیرت النبی ﷺ
  - فقہ العبادات
- **وَيُزَكِّيْهِمْ (تزکیہ و تربیت)**
  - آداب و اخلاق
  - دعائیں

## اہلیت برائے داخلہ

- کورس میں داخلے کے لیے سب سے اہم اور بنیادی شرط دینی علوم سے ذاتی دلچسپی، محنت کی عادت اور ادارے کے مقاصد سے متفق ہونا ہے ۔
- کم از کم تعلیمی قابلیت ایف اے / ایف ایس سی / اے لیول یا اس کے برابر تعلیم ہونا ضروری ہے ۔
- ایسے طلباء جو امتحان دے کر رزلٹ کا انتظار کر رہے ہوں وہ بھی درخواست دینے کے اہل ہوں گے ۔
- کم از کم عمر 18 سال جبکہ زیادہ سے زیادہ عمر 30 سال ہونا ضروری ہے۔
- بیرونِ ملک سے درخواست گزار کے پاس پاکستانی قومی شناختی کارڈ CNIC / NICOP / Overseas Pakistani Card کا ہونا ضروری ہے۔

## داخلے کا طریقہ کار

- داخلے کا اعلان اشتہارات، سوشل میڈیا اور ویب سائٹس کے ذریعے کیا جاتا ہے۔
- مقررہ تاریخوں پر آن لائن فارم پُر کر کے اپنے آپ کو رجسٹر کریں۔
- داخلہ فارم کے ساتھ ذاتی قومی شناختی کارڈ (CNIC) / ب فارم / NICOP / Overseas Pakistani Card، آخری ڈگری اور سرپرست کے قومی شناختی کارڈ کی کاپی لگائیں۔
- امتحان دے کر نتیجہ کے منتظر طلباء رول نمبر سلپ کی کاپی ساتھ لگائیں۔
- مقررہ تاریخ تک داخلہ فارم جمع کروا کر ٹیسٹ اور انٹرویو کی تاریخ لے لیں۔
- ٹیسٹ اور انٹرویو کے دوران درخواست گزار کے ساتھ والد یا مرد سرپرست کا ہونا ضروری ہے۔
- صوبہ سندھ، بلوچستان، رحیم یار خان، ملتان، بہاولنگر، بہاولپور، گلگت، بلتستان اور بیرون ملک کے رہائشی درخواست گزاروں کے ٹیسٹ اور انٹرویو کا انعقاد آن لائن کیا جائے گا۔
- معیار پر پورے اترنے والے درخواست گزار کو کنفرمیشن لیٹر اور فیس واؤچر جاری کیا جائے گا۔
- امیدواروں کے انتخاب کا حتمی فیصلہ ادارہ خود کرے۔

# چارجز کی تفصیل

- الہدیٰ طلباء سے ٹیوشن فیس کی مدّ میں کچھ نہیں لیتاالبتہ انتظامی اخراجات کو پورا کرنے کے لیے مندرجہ ذیل چارجز وصول کرتا ہے۔
- نصابی کتب اور یونیفارم وغیرہ طلباء کو خود خریدنا ہوں گے۔

| واجبات | پہلی ٹرم | دوسری ٹرم | تیسری ٹرم | ٹوٹل |
|---|---|---|---|---|
| کورس رجسٹریشن | 4,000 | 4,000 | 4,000 | 12,000 |
| سکیورٹی (قابل واپسی) | 1,000 | -- | -- | 1,000 |
| سرٹیفکیٹ | -- | -- | 500 | 500 |
| امتحانات | 600 | 600 | 600 | 1,800 |
| لائبریری کارڈ | 200 | -- | -- | 200 |
| ID کارڈ | 200 | -- | -- | 200 |
| | 6,000 | 4,600 | 5,100 | 15,700 |

## چارجز کی ادائیگی کا طریقہ کار

- کنفرمیشن لیٹر جاری ہونے کے بعد چارجز مقررہ تاریخ کے اندر تجویز کردہ بنک میں جمع کروانے ہونگے بصورتِ دیگر داخلہ منسوخ کیا جاسکتا ہے۔
- ہر ٹرم کے چارجز الگ الگ یا مکمل کورس کے چارجز یک مشت بھی جمع کروائے جاسکتے ہیں۔
- کورس کی تعارفی کلاس کے دن کنفرمیشن لیٹر اور چارجز ادائیگی کی رسید ہمراہ لانا ضروری ہے۔

## سپانسرشپ برائے مستحق طلباء

- ادارہ اپنے وسائل کے مطابق، علم حاصل کرنے کے شوقین، قابل، ذہین، محنتی اور مستحق طلباء کے تعلیمی اخراجات پورا کرنے کے لیے کتب، ٹرانسپورٹ جیسے اخراجات کے ضمن میں زکوۃ فنڈ سے مالی معاونت کرتا ہے۔
- سپانسرشپ کے لیے داخلہ فارم کے ساتھ سپانسرشپ فارم پُر کرکے لگانا ضروری ہے۔
- والد یا مرد سرپرست کے ساتھ انٹرویو کے بعد سپانسرشپ کا فیصلہ کیا جاتا ہے۔
- فارم میں درج شدہ شرائط پوری نہ کرنے کی صورت میں سپانسرشپ ختم کر دی جاتی ہے۔

# نظم وضبط

## یونیفارم

- شلوار قمیص یا ثوب: سفید رنگ
- سیاہ سویٹر : موسم سرما میں

## حاضری

- ادارہ تعلیم کے حصول کے لیے حاضری میں باقاعدگی کو بہت اہمیت دیتا ہے۔
- ڈپلومہ یا سرٹیفیکیٹ کے حصول کے لیے کلاس اور گروپ سرگرمی میں 80 فیصد حاضری شرط ہے۔
- طبی وجہ یا شدید ضرورت کے لیے والدین کے دستخط کے ساتھ طالب علم کی طرف سے چھٹی کی تحریری درخواست دینا لازم ہے۔شدید بیماری کی صورت میں میڈیکل سرٹیفیکیٹ دینا ضروری ہے۔
- تین بار تاخیر سے آنا، دو آدھی چھٹیاں یا تین Short Leaves ایک چھٹی شمار کی جاتی ہے۔

## تعطیلات

- عید الفطر اور عید الاضحیٰ
- محرم الحرام (۹ اور ۱۰)
- 12 ربیع الاوّل
- 23 مارچ
- 14 اگست

## امتحانات

- قرآن مجید کے ہر پارے اور تجوید کے پیپر میں کامیابی کے لیے 80 فیصد نمبر جب کے دیگر مضامین میں 50 فیصد نمبر حاصل کرنے ضروری ہیں ۔
- امتحان دینے کے لئے کلاس اور گروپ میں حاضری لازمی ہے نیز اسباق کو مکمل کرنا ضروری ہے ۔
- ہر ٹرم میں اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے طلباء کو اول، دوم، سوم اور 100 فیصد حاضری کے حامل طلباء کو انعامات دیے جاتے ہیں ۔
- کورس کو دہرانے والے یا ری ٹیسٹ دینے والے طلباء انعامات کے حقدار نہیں ہوں گے ۔
- ناگزیر وجوہات کی وجہ سے امتحان میں غیر حاضر یا ناکام ہونے والے طلباء کو ادارہ کے طے شدہ طریقہ کار کے مطابق ری ٹیسٹ دینا ہو گا جس کے لئے چار جز اکاؤنٹس آفس میں جمع کروانے ہوں گے ۔

## کانووکیشن

ادارہ ہر سال کانووکیشن کی تقریب کا انعقاد کرتا ہے جس میں کامیاب طلباء کو ڈپلومہ / سرٹیفکیٹ دیے جاتے ہیں جبکہ اول آنے والے طالب علم کو انعام بھی دیا جاتا ہے۔

# سہولیات

## لائبریری

طالبعلم میں تعلیم و تحقیق کے ذوق کی تسکین کے لیے ادارے میں لائبریری کی سہولت بھی موجود ہے۔ جس میں نسخہ ہائے قرآن اور کتب احادیث کے علاوہ مختلف موضوعات مثلاً تفسیر، فقہ، سیرت، تاریخ، شعر و ادب، اقتصادیات کے ساتھ ساتھ دیگر موضوعات پر مشتمل تقریباً پندرہ ہزار سے زائد اردو، عربی، اور انگریزی زبان میں کتب برائے استفادہ موجود ہیں۔

## سمعی و بصری معاونات

طالبعلم کی ذہنی وسعت اور علم میں پختگی کے پیشِ نظر نیز تعلیمی معیار کو بلند کرنے، تعلیم و تدریس کو زیادہ مؤثر اور آسان بنانے اور جدید تحقیقات سے روشناس کرانے کیلئے ادارے میں کتب کے علاوہ سمع و بصر لائبریری کی سہولت بھی استفادے کے لیے موجود ہے۔ علاوہ ازیں آڈیو کا یہ مواد الہدیٰ کی ویب سائٹس پر بھی فری ڈاؤن لوڈ کے لیے دستیاب ہے۔

## کیفے ٹیریا

طالبعلم کی سہولت کے لیے کیفے ٹیریا میں چائے اور ضروری اشیائے خورد و نوش دستیاب ہیں۔

## تعلیمی ٹرپ

طلباء کو سال میں ایک مرتبہ تعلیمی و تربیتی مقصد کے پیشِ نظر کسی پُر فضا تفریحی مقام پر لے جایا جاتا ہے تاکہ طالبعلم میں نصاب اور تحقیق کے ساتھ ساتھ غور و فکر اور تدبر کی عادت پیدا کی جا سکے۔

# تدریسی عملہ

طلباء کی تعلیم و تربیت کے لیے ادارے میں تعلیم یافتہ، تجربہ کار اور مقصد سے لگن رکھنے والے مشفق اساتذہ موجود ہیں۔ اس کے علاوہ وقتاً فوقتاً مختلف سکالرز کو مدعو کیا جاتا ہے تا کہ ان کے علم و عمل، مشاہدے اور تجربے سے طلباء استفادہ کر سکیں ان میں ذہنی وسعت اور عملی پختگی پیدا ہو سکے۔

مندرجہ ذیل سکالر اور علماء ادارے میں مدعو کیے جاتے رہے ہیں۔

- شیخ محمد سعید الباز نجی مرحوم (ماہر علوم الحدیث)
- ڈاکٹر محمود احمد غازی مرحوم (ماہر علوم اسلامیہ)
- ڈاکٹر انیس احمد (وائس چانسلر رفاہ یونیورسٹی)
- ڈاکٹر غلام مرتضےٰ ملک مرحوم (اسلامی سکالر)
- بشیر احمد بگوی (ماہر علم وراثت)
- ڈاکٹر سیّد سلمان ندوی (ماہر علوم اسلامیہ)
- ڈاکٹر محمد الغزالی (ماہر تقابل ادیان)
- ڈاکٹر خورشید حسن (ماہر تعلیم)
- مولانا عبد الغفار حسن مرحوم (ماہر حدیث و علوم الحدیث)
- ڈاکٹر سہیل حسن (ماہر حدیث و علوم الحدیث)
- ڈاکٹر شیخ توفیق چوہدری (ماہر علوم اسلامیہ)
- ڈاکٹر عمر چھاپڑا (ماہر اسلامی معیشت)
- مولانا طارق جمیل (اسلامی سکالر)
- مولانا متین ہاشمی (ماہر سماجیات)
- ڈاکٹر فضل الٰہی (اسلامی سکالر)

**عَنْ مُعَاوِيَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ:**
**مَنْ يُرِدِ اللّٰهُ بِهِ خَيْرًا يُّفَقِّهْهُ فِي الدِّينِ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)**

**"سیدنا معاویہؓ سے روایت ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:**
**اللہ تعالیٰ جس شخص کے ساتھ بھلائی کا ارادہ فرماتا ہے**
**اسے دین کی سمجھ عطا فرما دیتا ہے۔"**

# برائے عطیات

Donate for Al-Huda International Welfare Foundation

| | | |
|---|---|---|
| A/C Title | : | Al Huda International Welfare Foundation |
| A/C Number | : | 0102383446201 (Rupee) |
| IBAN Number | : | PK84AIIN0000102383446201 |
| Branch Code | : | 0815 |
| Swift Code | : | AIINPKKA |

Al Baraka Bank (Pakistan) Limited

A-K Brohi Road, H-11/4 Islamabad, Pakistan

ڈونیشن کی تصدیق اور رسید کے لیے درج ذیل آئی ڈی پر ای میل کریں۔

donations@alhudapk.com

